17/12/2021

پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

لڑکیوں کی شادی کی کم ازکم عمر حد 21 برس ہونا جنسی مساوات کا اہم قدم: وزیر سواتی سنگھ

لکھنؤ: 17 دسمبر 2021

لڑکیوں کی شادی کی عمر 18 سے بڑھا کر 21 برس کرنے کا جنسی مساوات کے لیے اہم قدم ہے۔ 21 برس کی عمر کی شادی کرنے سے ان کو اپنے پیروں پر کھڑا ہونے کے لیے اچھا موقع ملے گا۔ وزیر اعظم جو کہتے ہیں وہ کرتے ہیں۔ یہ باتیں اتر پردیش میں وزیر اطفال فروغ اور خواتین بہبود (آزاد چارج) محترمہ سواتی سنگھ نے کہی انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم ہر قدم پر آدھی آبادی کی ترقی سوچتے رہتے ہیں۔ لڑکیوں کی شادی کی عمر 18 سے بڑھا کر 21 سال کرنے بچیوں میں مساوات حاصل ہوگا کیونکہ لڑکیوں کی شادی کی عمر پہلے سے ہی 21 برس ہے۔

محترمہ سواتی سنگھ نے کہا کہ 2018 میں قومی انسانی حقوق کمیشن نے دونوں کی شادی کم از کم عمر میں ایک جیسی کرنے کی سفارش کی تھی۔ اس کے لیے کئی خواتین تنظیم بھی سفارش کر چکے تھی۔ لڑکیوں کی شادی کی کم عمر ہونے سے ان کی اعلیٰ تعلیم میں رکاوٹ بنتی تھی۔ اس نئے قانون کے بن جانے سے لڑکیوں کی اچھی تعلیم بھی ملنے کی شرح میں اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ 8 برس کی عمر میں تو بچے ابھی اعلیٰ تعلیم کی طرف بڑھ رہے ہوتے ہیں۔ کنبے کے سرپرست اسکی ضمن میں شادی کی سوچنے لگتے ہیں۔ اس سے اکثر بچیوں کی اعلیٰ تعلیم کا خواب ادھورا رہ جاتا ہے۔

☆☆☆☆☆